(آفس آف دی پبلک ایڈووکیٹ) گارڈین کا کردار OPA

پبلک ایڈووکیٹ آپ کے گھرانے کے فرد کا گارڈین (سرپرست) ہوتا ہے

نے آپ کے گھرانے کے فرد (یا دوست) کے لیے پبلک ایڈووکیٹ کو بطور گارڈین **مقرر** کیا VCAT
نے پبلک ایڈووکیٹ کو چنا ہے۔ VCAT ہے۔ مقرر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ

گارڈین آپ کے گھرانے کے فرد کو فیصلے کرنے میں مدد دے گا۔ فیصلوں کا مطلب ہے، انتخاب۔ مثال کے طور پر یہ انتخاب کہ آپ کے گھرانے کا فرد کہاں رہے، کون اس سے مل سکتا ہے، اسے کونسی خدمات کی ضرورت ہے۔ اگر وہ فرد یہ فیصلے نہ کر سکتا ہو تو گارڈین اس کے لیے فیصلے کرے گا۔

گارڈین OPA

لکھ رہے OPA ہمیں **آفس آف دی پبلک ایڈووکیٹ** کہا جاتا ہے۔ اس معلوماتی پرچے میں ہم خود کو ہیں۔

میں کام کرنے والا کوئی شخص آپ کے گھرانے کے فرد کے لیے گارڈین ہو گا۔ OPA

کا گارڈین OPA:

- آپ کے گھرانے کے فرد کو اس کے فیصلے کرنے میں مدد دے گا، بشرطیکہ وہ مدد کے ساتھ فیصلے کرنے کے قابل ہو
- اس صورت میں آپ کے گھرانے کے فرد کے لیے فیصلے کرے گا جب وہ مدد کے ساتھ فیصلے کرنے کے قابل نہ ہو
- آپ کے گھرانے کے فرد کو بدسلوکی سے محفوظ رکھنے میں مدد دے گا
- دیانتدار رہے گا اور محنت کرے گا
- اپنا کام انجام دیتے ہوئے محتاط رہے گا
- آپ کے گھرانے کے فرد کے متعلق معلومات کو راز میں رکھے گا
- یہ یقینی بنائے گا کہ وہ **متصادم مفادات** نہ رکھتا ہو۔

یعنی اس پر لازم ہے کہ وہ آپ کے گھرانے کے فرد کے لیے جو فیصلے کرے، وہ ان پر اپنے مفادات کا اثر نہ پڑنے دے۔

فیصلے کرنا

فیصلے کرتے ہوئے گارڈین:

- نے اسے فیصلے کرنے کی اجازت دی ہے VCAT چیک کرے گا کہ

- آپ کے گھرانے کے فرد کو فیصلے کرنے میں شریک ہونے کی ترغیب دے گا
- آپ کے گھرانے کے فرد کو اپنی مرضی بتانے کی ترغیب دے گا
- ایسے فیصلے کرنے کی کوشش کرے گا جو آپ کے گھرانے کا فرد چاہتا ہو، سوائے اس کے جب اسے کسی طرح کا شدید نقصان پہنچ سکتا ہو۔

اگر گارڈین یہ معلوم نہ کر سکتا ہو کہ آپ کے گھرانے کا فرد کیا چاہتا ہے تو وہ ایسا فیصلہ کرنے کی کوشش کرے گا جس سے آپ کے گھرانے کے فرد کو صحتمند اور خوش رہنے میں مدد ملے۔ وہ آپ کے گھرانے کے فرد کی زندگی میں اہم چیزوں کے متعلق سوچے گا۔ مثال کے طور پر، اس کے دوست اور رشتہ دار، اس کی کمیونٹی اور وہ کونسی زبان بولنا پسند کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے

کو فون کریں۔ OPA پر 1300 309 337

اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو فون کرتے ہوئے ہمیں بتا دیں۔

Urdu

Interpreter